بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم　　وعلیٰ عبدہ المسیح الموعود

خدا کے فضل اور رحم کیساتھ

ٹی آئی کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن جرمنی



المنار

جولائی ۲۰۱۲

نگران۔ پروفیسر چوہدری حمید احمد۔ صدر تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن۔ جرمنی

ایڈیٹر۔ چوہدری انیس احمد۔ سیکرٹری تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن۔ جرمنی

مینیجر۔ چوہدری نصیر احمد

ترتیب وڈیزائن۔ محمد ظہیر احمد۔ Software Engineer

فہرست مضامین

صفحہ	مضامین	نمبر شمار
۱	ارشاد باری تعالیٰ	۱
۲	حضرت خلیفۃالمسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا خط	۲
۳	پیش لفظ۔صدر ایسوسی ایشن	۳
۶	اداریہ۔چوہدری انیس احمد	۴
۸	میرا تعلیم الاسلام کالج لاہور کا دور۔بشیر احمد رفیق۔سابق امام لندن	۵
۱۳	خط حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس اید اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بنام۔بشیر احمد رفیق صاحب	۶
۱۴	’’میرا تعلیم الاسلام کالج میں داخلہ‘‘۔جسٹس ریٹائرڈ محمد اسلام بھٹی	۷
۱۸	تعلیم الاسلام کالج کی فٹ بال ٹیم کا ٹرافی جیتنا۔ زکریا ورک	۸
۲۳	,,مغربی معاشرہ میں ہمارے بچوں کے مسائل‘‘ سیمینار کی تصویری رپورٹ چوہدری نصیر احمد	۹
۲۷	سکالرشپ فنڈ کے معاونین خاص	۱۰
۲۸	چند یادگاری تصاویر	۱۱

ارشاد باری تعالیٰ

وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ مِنكُمْ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى ٱلْأَرْضِ كَمَا ٱسْتَخْلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ ٱلَّذِى ٱرْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِى لَا يُشْرِكُونَ بِى شَيْـًٔا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْفَٰسِقُونَ ﴿٥٦﴾ سورۃالنّور

ترجمہ

تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے اُن سے اللہ نے پختہ وعدہ کیا ہے کہ انہیں ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ اُس نے اُن سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا اور اُن کے لئے اُن کے دین کو، جو اُس نے اُن کے لئے پسند کیا، ضرور تمکنت عطا کرے گا اور اُن کی خوف کی حالت کے بعد ضرور اُنہیں امن کی حالت میں بدل دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے۔ میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔ اور جو اُس کے بعد بھی ناشکری کرے تو یہی وہ لوگ ہیں جو نافرمان ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا خط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلّی علیٰ رسولہ الکریم و علیٰ عبدہ المسیح الموعود

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالناصر

لندن

19-4-12

مکرم حمید احمد چوہدری صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا خط ملا جس میں آپ نے تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن جرمنی کے زیر اہتمام 28/اپریل کو ایک سیمینار کے انعقاد کی اطلاع دی ہے۔ اللہ تعالیٰ مدد فرمائے اور اس سیمینار کو ہر لحاظ سے کامیاب فرمائے۔ اللہ آپ سب کے ساتھ ہو۔ آمین

والسلام

خاکسار

خلیفۃ المسیح الخامس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

حمید احمد چوہدری
صدر ایسو سی ایشن

جرمنی میں تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسو سی ایشن حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے ۲۹۔اگست ۲۰۰۵ کو قائم ہوئی۔حضور نے مکرم محترم پروفیسر چوہدری حمیداللہ صاحب۔ وکیل اعلی تحریک جدید کو اپنی نمائندگی کرنے کا ارشاد فرمایا جن کی صدارت میں سابق طلباء کا پہلا اجلاس ہوا۔ اس اجلاس کے جملہ انتظامات ہمارے محترم دوست عرفان احمد خان صاحب نے کئے اور وہی پہلی ٹرم کے لئے ایسو سی ایشن کے سیکرٹری اور دوسری ٹرم کے لئے صدر منتخب ہوئے۔میں ان کی انتظامی اور علمی قابلیت کی قدر کرتا ہوں ۔ اللہ تعالیٰ ان کی خدمات کا اجر عطا فرمائے۔ وہ اب ایسو سی ایشن کی مشاورتی کمیٹی کے ممبر ہیں۔

ستمبر ۲۰۱۱ میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز تعلیم لاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسو سی ایشن جرمنی کے سالانہ ڈنر میں تشریف لائے تو جہاں حضور نے لئے ہمیں ہماری بعض کوتاہیوں کی طرف توجہ دلائی وہاں یہ فرما کر ہماری حوصلہ افزائی بھی فرمائی کہ:

"آپ اس ایسو سی ایشن کے pioneer ہیں اور آپ کی دیکھا دیکھی یو کے میں بھی ایسو سی ایشن قائم ہوئی۔ پھر اس کا وہی حال ہوا۔دو سال بننے کے بعدdormant ہو گئی۔ پھر نئے سرے سے ان کو جوش آیا تو اس میں بعض کام انہوں نے بڑے اچھے کئے ہیں ، اسی طرح امریکہ میں بھی اور کینیڈا میں بھی۔تو سب لوگ آپ کی دیکھا دیکھی ایسو سی ایشن قائم کرنا چاہتے ہیں "

اب امریکہ سے یہ خوش کن خبر آئی ہے کہ وہاں جلسہ سالانہ کے موقع پر ازسر نو انتخاب عمل میں آیا اور مکرم پروفیسر ڈاکٹر محمد شریف صدر اور مکرم راجہ ناصر احمد سیکر ٹری منتخب ہوئے ہیں۔ان کے علاوہ چوہدری اسلم پرویز صاحب سیکر ٹری مال اور ڈاکٹر صفی چوہدری اور ناصر جمیل مجلس عاملہ کے ممبران چنے گئے۔حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ان کا ایک گروپ فوٹو بھی ہوا۔

اگرچہ ہم تو سمجھتے تھے کہ ہماری ویب سائٹ ہی ہمارے مقاصد کے لئے کافی ہے اور ہماری ساری توجہ اسی کو بڑھانے اور بہتر بنانے کی طرف تھی مگر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کا ارشاد ہوا کہ ہم المنار بھی شروع کریں اس حکم کی تعمیل میں ہم نے شروع تو کر دیا ہے اور انشاء اللہ جہاں تک توفیق ہے اسے جاری

رکھیں گے تا ہم اس رسالہ کا معیار تبھی حضور کی توقع کے مطابق پورا اترے گا اگر ہمارے دوست اس کی تیاری میں پورا تعاون کریں گیں۔اس لئے میری اپنے احباب سے درخواست ہے کہ جس رنگ میں بھی آپ ہماری مدد اور رہنمائی کر سکتے ہیں کرتے رہیں۔

المنار تو ہمارے پروگرام کا ایک حصہ ہیں۔حضور کی توقعات تو ہم سے بہت زیادہ ہیں۔سب سے پہلے تو پاکستان میں مستحق بچوں کی مالی امداد کی ذمہ داری ہے۔میں ان دوستوں کا بے حد ممنون ہوں جنہوں نے ایک طالب علم کا ایک سال کا خرچ ادا کر دیا ہے یا کرنے کا وعدہ کیا ہے۔اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ان کے علاوہ جن دوستوں کو مالی توفیق ہے اور انہوں نے اس کار خیر میں حصہ نہیں لیا ان سے میری گزارش ہے کہ وہ بھی آگے آئیں اور احسان کا بدلہ جو تعلیم ا لاسلام کالج قائم کرنے والوں اور اس کے اساتذہ کرام نے ہم پر کئے اسی پرو گرام میں شامل ہو کر اتارنے کی کوشش کریں۔ خدا کرے ہمارا قدم آگے سے آگے بڑھتا رہے اور ہم خلیفۃ المسیح کی توقعات پر پورے اترتے رہیں۔

خاکسار حمید احمد چوہدری
صدر ایسو سی ایشن

اداریہ

سیکٹری ٹی آئی کالج ایسوسی ایشن
انیس احمد چودھری

الحمد اللہ المنار کا تیسرا شمارہ ٹی آئی کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن جرمنی کی طرف سے شائع کیا جا رہا ہے۔

ایسوسی ایشن کی سال رواں کی رپورٹ کے بارہ میں عرض کردوں کہ ایڈوائزری کمیٹی کے اب تک تین اجلاس ہو چکے ہیں جن میں فنڈز کی پوزیشن۔ ممبرشپ میں اضافہ۔بچوں کی شمولیت اور مختلف پروگراموں کے انعقاد کے بارہ میں تبادلہ خیال ہوتا رہا۔ایک جنرل میٹنگ کا مورخہ 28۔اپریل2012 کو انعقاد کیا گیا جس کے پہلے حصہ میں مکرم مولانا فضل الہی انوری صاحب کے سلسلہ تصانیف نصرت رھبانیہ کا تعارف کرایا گیا ۔ان کتب میں احباب جماعت احمدیہ کی دعائوں کی قبولیت کے ایمان افروز واقعات بڑے ہی دلچسپ انداز میں بیان کئے گئے ہیں۔مکرم مولانا صاحب نے سالہا سال کی ان تھک محنت سے یہ واقعات جمع کرکے کتابی شکل میں پیش کئے ہیں۔یہ کتب اس قابل ہیں کہ نہ صرف ہم خود پڑھیں بلکہ اپنے بچوں کو بھی یہ واقعات بیان کریں تا انہیں معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ دعائیں سنتا اور قبول کرتا ہے۔مکرم مولانا صاحب نے یہ محنت کسی تجارتی مقصد کے لئے نہیں کہ بلکہ عین خدمت دین کے لئے ۔ اسی لئے وہ اصل لاگت سے بہت کم قیمت پر یہ کتب پیش کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کو اجر عظیم عطا فرمائے۔چند حاضرین نے اسی وقت کتابوں کے سیٹ خرید لئے۔

اس اجلاس کے دوسرے حصہ میں ایک سیمینار ہوا جس کا موضوع مغربی معاشرہ میں ہمارے بچوں کے مسائل تھا۔اجلاس میں مکرم مولانا حیدر علی صاحب ظفر مشنری انچارج جرمنی اور مکرم ڈاکٹر محمود احمد طاہر صاحب سیکریٹری صاحب امور عامہ کو بھی خاص طور پر شمولیت کی دعوت دی گئی تھی اور مولانا حیدر علی صاحب ظفر ہی کی صدارت میں یہ میٹنگ ہوئی۔

تمام شرکاء نے نے باری باری یورپین معاشرہ میں ہمارے بچوں کے مسائل اور ان کے ممکنہ حل پر اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔خاکسار کا تعلق چونکہ دارالقضاء جرمنی سے ہے لہذا میں نے عائلی مسائل اور مشکلات کے بارہ میں نیز شادی کے ٹوٹنے کے اسباب سے حاضرین کو بتایا۔اپنی اور اپنے بچوں کی تربیت سہی رنگ میں کرنے کی طرف توجہ دلائی تاکہ رشتے ٹوٹنے کے رجحان کو ختم کیا جا سکے۔یہ سیمینار بہت دلچسپ اور مفید رہا ۔اگر وقت کی قید نہ ہوتی تو گفتگو کا سلسلہ دیر تک جاری رہتا۔میٹنگ کے بعد تمام حاضرین کی خدمت میں کھانا

پیش کیا گیا۔

جیسا کہ دوستوں کو علم ہے یہ ایسوسی ایشن اپنے سابقہ دوستوں سے روابط بڑھانے میں مدد گار ثابت ہو رہی ہے اس کے علاوہ پاکستان میں غریب ہونہار طالب علموں کے لئے وظائف کا اہتمام بھی کرتی ہے۔دوست طلباء کے اس فنڈ میں دل کھول کر عطیات دے رہے ہیں اکثر نے اپنے وعدے پورے کر دیئے ہیں۔باقی دوست بھی جلد ادائیگی کریں۔اسی طرح خاکسار کی آپ دوستوں سے درخواست ہے کہ ٹی آئی کالج کے پرانے طالب علموں کی ممبر شپ بڑھانے میں ہماری مدد کریں۔تاکہ پرانے دوستوں سے تعارف رہے اور ہماری ایسوسی ایشن مزید فعال ہو سکے۔

شکریہ

☆☆☆

میرا تعلیم الاسلام کالج لاہور کا دور

بشیر احمد رفیق

میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد میں نے تعلیم الاسلام کالج، لاہور میں داخلہ لے لیا۔ ان دنوں کالج، گورنمنٹ کالج لاہور کے پہلو میں تقسیم ملک سے قبل کے D.V.A کالج میں منتقل ہو چکا تھا۔ حضرت مرزا ناصر احمدؒ اس کے پرنسپل تھے۔ ہم نے چونکہ قادیان سے ہجرت کی تھی اور انتہائی بے سرو سامانی کی حالت ہیں کالج دوبارہ شروع کیا تھا لیکن حضرت خلیفتہ المسیح الثانیؓ کی دعاؤں اور اساتذہ کی بے لوث محنت کے نتیجہ میں کالج کے نتائج یونیورسٹی میں 90 فی صد رہے اور خدا کے فضل سے کالج کی شہرت ہر طرف پھیل گئی۔کھیلوں کے میدان میں بھی کالج نے زبردست نام پیدا کیا۔ہماری Rowing ٹیم نے مسلسل کئی سال تک یونیورسٹی کے مقابلہ جات میں اوّل پوزیشن حاصل کی۔

اپریل 1950 میں تعلیم الاسلام کالج نے اپنے علمی رسالہ " المنار " کا اجراء کیا ۔ یہ اردو اور انگریزی زبانوں میں شائع ہوتا تھا اور بہت جلداس نے اپنے اعلیٰ مضامین ، خوبصورت گیٹ اپ اور اعلیٰ پیپر پر شائع ہونے کی وجہ سے اپنا نام پیدا کرلیا۔ لاہور کے دوسرے کالجوں کے علمی رسائل جو سالہا سال سے چل رہے تھے اور کافی شہرت رکھتے تھے رسالہ " المنار " ان کو پیچھے چھوڑ گیا۔ میری خوش قسمتی تھی کہ رسالہ کے اردو سیکشن کا میں پہلے سال نائب ایڈیٹر مقرر ہوا اور پھر اگلے دو سال میں اس کا ایڈیٹر مقرر ہوا۔میرے کئی مضامین بھی اس میں شائع ہوئے۔میرا ایک مضمون جو خوشحال خان خٹک کی زندگی اور شاعری پر تھا' بے حد پسند کیا گیا۔یہ میری ادبی زندگی کا آغاز تھا۔اس کے بعد اللہ تعالی کے فضل سے میرے کئی مضامین " الفضل" اور سلسلہ کے دیگر رسائل میں شائع ہوئے۔فالحمد للہ۔

1953 میں جب میں بی اے کے فائنل امتحان کی تیاری میں مگن تھا' اچانک اینٹی احمدیہ فسادات پھوٹ پڑے۔ ان فسادات کا آغاز لاہور سے ہوا۔احراریوں اور احمدیت کے دشمنوں نے یہاں تک دعوے کئے کہ وہ احمدیت کا نعوذ باللہ نشان تک مٹا دیں گے۔ تعلیم الاسلام کالج ان کے حملوں کا نمایاں ٹارگٹ تھا۔ہر روز جلوس کی شکل میں سینکڑوں فسادی کالج کے ارد گرد جمع ہوکرنعرے بازی اور خشت باری کیا کرتے۔کالج میں گھسنے اور آگ لگانے

کی کوشش کرتے لیکن کامیاب نہ ہوسکتے۔پرنسپل حضرت مرزا ناصر احمدؒ کی اعلیٰ قیادت کے نتیجے میں کالج ایک مضبوط قلعہ کی صورت اختیار کر گیا تھا۔ میں بھی دن رات کالج کی دفاع میں دوسرے طلبہ سے ساتھ لگا ہوتا تھا۔پڑھائی کا تو ان دنوں تصوّر بھی نہ ہوسکتا تھا۔یہ بہت کٹھن وقت تھا۔ لاہور میں حالات تشویشناک صورت اختیار کر چکے تھے۔کئی احمدیوں نے جام شہادت نوش کیا۔بے شمار احمدیوں کے گھر جلا دئے گئے۔احمدی گھروں کو لوٹا گیا۔یوں لگتا تھا کہ کوئی حکومت موجود نہیں۔جنگل کا قانون رائج ہے۔

ہمیں کالج کی حفاظت کے علاوہ دیگر احمدی احباب کی حفاظت کیلئے بھی بھجوایا جاتاتھا۔جناب شیخ بشیر احمد صاحب ایڈوکیٹ ہائی کورٹ لاہور ان دنوں لاہور کے امیر تھے۔ان کے مکان پر بھی حملہ ہوا اور بالآ خر انہیں گرفتار کرلیا گیا۔میری ڈیوٹی کئی بار ان کے گھر کی حفاظت پر لگی۔بہر کیف یہ بہت پریشانی کے ایاّم تھے۔
فسادات پر بالآخر فوج نے قابو پالیا لیکن میں بر وقت تیاری نہ ہونے کی وجہ سے بی اے کے امتحانات میں شریک نہ ہو سکا اور ستمبر میں بے اے کے سپلیمنٹری امتحان میں شریک ہوا۔چونکہ کوئی خاص تیاری نہ تھی اس لئے پاس ہونے کی بھی کوئی امید نہ تھی۔ ان دنوں میرے دل میں خیال آیا کہ کہ کیوں نہ حضرت خلیفتہ المسیح الثانیؓ کی خدمت میں متواتر دعا کی درخواست کروں۔تیاری نہ بھی ہو تو اللہ تعا لی اپنے فضل سے پاس تو کرسکتا ہے۔چنانچہ میں نے ایک دن بیٹھ کر تقریبا 30- کے قریب دعائیہ خطوط تیار کئے اور انہیں لفافوں میں بند کرکے ان پر پوسٹیج ٹکٹ لگا کر رکھ لئے۔روزانہ ایک خط میں حضور کی خدمت میں ربوہ بھجوادیتا تھا۔چند دنوں بعد حضورؓ کی طرف سے جوابات ملنے شروع ہوئے جس میں لکھا ہو تا تھا کہ حضورؓ نے تمہارے لئے دعا کی ہے۔یہ سلسلہ جاری رہا۔ایک دن مجھے حضورؓ کی طرف سے ایک خط ملا کہ روزانہ تمہاری طرف سے مجھے ایک خط دعا کا ملتا ہے اور میں تمہاری کامیابیوں کے لئے دعا کرتا ہوں' تم انشاء اللہ امتحان میں ضرور کامیاب ہو جاوٴگے' اطمینان رکھو اور مجھے دعا کیلئے یاد دہانی کراتے رہا کرو۔مجھے حضور کے اس خط سے بہت تسلّی ہوئی لیکن تیاری نہ ہونے سے پریشانی بھی رہتی تھی۔ میرا سب سے کمزور مضمون انگلش لٹریچر تھا اور اس کی طرف سے میں بالکل نا امیدہو چکا تھا۔
خیر امتحان میں جب چار دن باقی رہ گئے تو ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ کسی شخص نے مجھے پرچہ امتحان دے کر کہا کہ یہ تمہارا انگلش لٹریچر کا پرچہ ہے اسے یاد کرلو۔میں نے پرچہ پڑھا تو اس شخص سے کہا کہ یہ تو بہت مشکل پرچہ ہے اور مجھے ان سوالات کے جوابات بھی نہیں آتے۔اس نے کہا اسی واسطے تو تمہیں یہ دکھا رہا ہوں کہ ان سوالات کو یاد کرلو۔اس کے ساتھ ہی میں خواب سے بیدار ہوا۔میں نے جلدی سے ان سوالات کوایک کاغذ پر لکھ لیا اورپھر سو گیا۔اگلے روز مجھے خواب یاد نہ رہی۔شام کو یونہی اس کاغذ پر نظر

پڑی تو یہ خواب بھی یاد آگئی۔میرے دوست مکرم اسلم باجوہ صاحب جو میرے ساتھ ایک ہی کمرہ میں تھے انہیں میں نے خواب سنائی اور سوالات دکھائے وہ کہنے لگے کہ یہ سوالات تو ہر گز نہیں آسکتے اور کسی guess paper میں بھی درج نہیں ہیں لیکن میں نے سوچا کہ خواہ یہ سوالات نہ بھی آئیں انہیں یاد کرنے میں اورجوابات تیار کرنے میں کیا حرج ہے۔آخر یونہی تو خواب نہیں آئی۔ چنانچہ میں نے نہ صرف خوب تیاری کی بلکہ ان سوالات کے جوابات کو ایک حد تک حفظ کرلیا۔چند دن بعد جب میں انگلش لٹریچر کے امتحان کے لئے کمرہ امتحان میں داخل ہوا تو میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی کہ بعینہ لفظ بہ لفظ وہی پرچہ میرے سامنے تھا جو میں خواب میں دیکھ چکا تھا۔میں نے خدا کا شکر ادا کیا اور سوالات حل کرنے شروع کردئے اور خدا کے فضل سے سو فی صد پرچہ حل کرکے کمرہ امتحان سے باہر آگیا۔میرے دوست جنہیں میں چند دن قبل اپنی خواب سنا چکا تھا ' سب حیرت زدہ تھے اور اس بات پر بار بار افسوس کررہے تھے کہ وہ میری خواب پر اعتبار نہ کرکے پرچہ صحیح حل نہیں کر سکے تھے۔میں خود اس معجزہ پر حیران و ششدر تھا اور اللہ کا بار بار شکر ادا کرتا تھا۔اب مجھے یقین ہو گیا تھا کہ میں ضرور پاس ہو جاؤں گا۔ ایک طرف حضورؒ کا خط تھا کہ تم پاس ہوجاؤگے دوسری طرف اس سچی خواب نے حوصلہ بلند کردیا تھا اور میں مطمئن ہو کر امتحان کے بعد گاؤں چلا گیا اور نتیجہ کا انتظار کرنے لگا۔

کچھ عرصہ کے بعدنتیجہ نکل آیا اور مجھے رزلٹ دیکھ کر شدید shock پہنچا کہ میں فیل ہو گیا ہوں۔میں سخت پریشان ہوا کہ آخر اگر مجھے فیل ہی ہونا تھا تو کیوں مجھے اللہ تعالٰی نے امتحان سے قبل پرچہ دکھایا اور پھر حضورؒ نے انتہائی وثوق سے لکھا کہ تم پاس ہوجاؤگے۔بعض اوقات میرا ایمان متزلزل ہونے لگتا تھا اور دل میں عجیب عجیب خیالات آنے لگتے تھے۔میں پشاور میں نتیجہ اخبارات میں دیکھنے کے بعد مایوسی کی حالت میںواپس گاؤں آگیا تو والد صاحب نے دریافت کیا کہ نتیجہ کیا نکلا ہے؟ میں نے انہیں بتایا کہ میں فیل ہو گیا ہوں' انہوں نے مجھے تسلی دی اور فرمایا کہ کوئی بات نہیں تمہاری تیاری بھی تو فسادات پنجاب کی وجہ سے مکمل نہیں تھی اگلے سال انشااللہ پاس ہوجاؤگے۔دو چار دن گزرے تو ایک دن حضرت والد صاحب نے فرمایا کہ میں جب بھی رات کو اٹھ کر تمہارے لئے دعا کرتا ہوں تو آواز آتی ہے کہ بشیر احمد تو پاس ہوچکاہے۔میں نے والد صاحب کو کالج کی طرف سے آمدہ نتیجہ کا خط لا کر دکھایا ' جس میں کالج والوں نے مجھے با قاعدہ اطلاع دی تھی کہ میں فیل ہو چکا ہوں' تو والد صاحب خاموش ہوگئے۔

دوچار روز کے بعدحضرت والد صاحب نے فرمایا کہ عجیب بات ہے مجھے ہر رات دعا کے دوران آواز آتی ہے کہ بشیر احمد تو پاس ہو چکا ہے۔پھر فرمایا کہ ممکن ہے یہ اگلے سال کے لئے اطلاع ہو۔ دن گزرتے چلے گئے۔

میں نے دوبارہ کالج میں داخل ہونے کی تیاری مکمل کر لی۔ایک دن ڈاک میں میرے نام دس پندرہ خط آئے تو مجھے سخت حیرت ہوئی کہ اتنے سارے خطوط کہاں سے آگئے ان میں سے ایک خط کالج کی طرف سے تھا۔میں نے پہلے وہ کھولا تو اسے پڑھ کر مبہوت ہو کر رہ گیا۔خط میں لکھا تھا کہ یونیورسٹی نے غلطی سے تمہیں فیل قرار دیا تھا اب پرچوں کی دوبارہ پڑتال ہونے کے بعد تم پاس قرار دئے گئے ہو۔

باقی خطوط دوستوں کے مبارکباد کے تھے۔میں نے جب والد صاحب کو اطلاع د ی تو وہ فورا سجدہ میں گر پڑے اور پھر فرمایا کہ مجھے تو ہررات تمہارے پاس ہونے کی خوش خبری دی جا رہی تھی لیکن یونیورسٹی کی غلطی وجہ سے معاملہ الٹ گیا تھا۔آخر اللہ تعالیٰ نے معجزانہ رنگ میں مجھے پاس کردیا۔فالحمدللہ۔

کچھ دنوں بعد میں حضرت خلیفتہ المسیح الثانیؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضور کو سارا واقعہ بتایا۔حضور نے فرمایا کہ مجھے دعائوں کے بعد ہی تمہارے پاس ہونے کی خبر دی گئی تھی جس کی اطلاع میں نے تمہیں کر دی تھی۔خدائی بات کو کون ٹال سکتا ہے؟

کالج کا دور میرے لئے بہت ایمان افروز بھی تھا۔وقتاً فوقتاً کالج کی طرف سے صحابہ حضرت مسیح موعود ۔علیہ السلام کو دعوت دی جاتی تھی۔وہ ہمیں حضرت مسیح موعود ۔ کے زمانہ مبارک کی باتیں بتاتے تھے جو ہمارے کئے ازدیاد ایمان کا باعث ہوتی تھی۔کالج میں مجھے ایک نہایت مشفق استاد حضرت مولانا ارجمند خان صاحب کی صورت میں ملے۔آپ پٹھان تھے اور حضرت خلیفہ اولؓ کے زمانہ خلافت میں افغانستان سے ہجرت کرکے قادیان آئے تھے۔یہاں مولوی فاضل پاس کیا اورپھر مدرسہ احمدیہ میں استاد مقرر ہوئے۔لاہور جب تعلیم الاسلام کالج کھلاتو آپ کی تقرری بطوراستاد دینیات کالج میں ہوگئی۔

آپ شگفتہ مزاج اور انتہائی مہمان نوازانسان تھے۔ مجھ پر خاص نظر شفقت رکھتے تھے۔ کالج کے اوقات کے بعد میرا اکثر وقت آپ کی صحبت میں گزرتا تھا۔اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔دیگر اساتذہ میں سے مکرم پروفیسر چوہدری محمد علی صاحب، مکرم پروفیسر صوفی بشارت الرحمٰن صاحب، مکرم پروفیسر نصیر احمد خان صاحب اور مکر م پروفیسر سلطان محمود صاحب نے مجھے بہت متاثر کیا۔ا للہ تعالیٰ ان سب کو بہترین جزا عطا فرمائے۔آمین۔

اس زمانہ کے میرے کلاس فیلوز کو خدمت دین کی بہت توفیق ملی اور مل رہی ہے۔ان میں سے بعض امرائے جماعت ہیں، بعض مرکزی دفاتر ربوہ میں اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔ بعض دنیوی اعلیٰ عہدوں پر سرفراز رہے اور اب بھی ہیں۔غرضیکہ میری زندگی کا یہ نہایت خوشگوار دور تھا۔

لاہور کی یادیں اب تک میرے دل و دماغ کو گرماتی ہیں۔ لاہور میں طالب علمی کے دوران مجھے ادبی

سرگرمیوں کا بھی شوق رہا۔میں کالج کی اُردو سوسائٹی کا صدر ہونے کے ناطے بعض مشہور ادیبوں اور شاعروں سے بار ہاملتا رہا۔انہیں کالج کی اُردو سوسائٹی کی میٹنگز میں بلاتا رہا۔ان میں مشہور شوکت تھانوی ، و قار عظیم ، ڈاکٹر تاثیر مرحوم (مشہور شاعر) شامل ہیں۔جگر مراد آبادی سے بھی شوکت تھانوی کے ذریعے ملنے کا موقع ملا۔ " حلقہ ارباب ذوق " جو مشہور ادبی تنظیم ہے، کے درجنوں اجلاسات میں مجھے شرکت کرنے کا موقع ملا۔جن لوگوں سے ملاقات کے مواقع ملے ان میں سے سعادت حسن منٹو ، خدیجہ مستور، حاجرہ مسرور، ندیم قاسمی اور ظہیر کاشمیری جیسے عظیم ادیب اور شعراء شامل ہیں۔

1953 میں میں نے بی اے کا امتحان پاس کرلیا۔ جون 1954 میں کالج کانو وکیشن منعقد ہوا جس میں اس وقت کے وزیر خا رجہ حضرت چوہدری سر ظفر اللہ خان صاحبؓ نے ہمیں ڈگریاں دیں اور ہمارے ساتھ تصویر کھنچوائی۔ میں حضرت چوہدری صاحبؓ کو دور سے قادیان میں بارہا دیکھا تھا لیکن زندگی میں پہلی مرتبہ قریب سے دیکھنے کا موقع ملا، بعد میں تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے میں ان کی صحبت سے خوب سیراب ہوا۔

(ماخوذ از چند خوشگوار یا دیں مصنف مصنفہ بشیر احمد رفیق۔سا بق امام مسجد لندن)

نوٹ: مکرم محترم بشیر احمد رفیق کی یہ ایمان افروز تصنیف پڑھنے کے لا ئق ہے۔ اس کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا تبصرہ اور خوشنودی کا خط رسالہ میں شامل کیا گیا ہے۔

☆☆☆

مکرم جناب بشیر رفیق صاحب کی کتاب 'چند خوشگوار یادیں'
کے بارے میں
حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایداللہ تعالیٰ کی خوبصورت تحریر

وَاجْعَلْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيرًا
إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا
وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّأَنْتُمْ أَذِلَّةٌ

امام جماعتِ احمدیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّي عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى عَبْدِهِ الْمَسِيْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّاصر

لندن
24-11-10

پیارے مکرم بشیر احمد رفیق صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ نے اپنی زندگی کی سچی یادوں پر مشتمل کتاب ''چند خوشگوار یادیں'' کے متعلق لکھا ہے کہ اس کا انگریزی ترجمہ بھی ہو گیا ہے۔ الحمدللہ۔

میں نے لفظاً لفظاً تو کتاب نہیں پڑھی۔ لیکن جستہ جستہ دیکھی ہے۔ لیکن جس واقعہ پر بھی نظر پڑتی ہے۔ اس کو مکمل کئے بغیر چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ خاص طور پر آپ کی ابتدائی زندگی کے واقعات۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ گزرے دنوں کی یادیں۔ آپ کی تربیت کا انداز۔ خلفاء کے ساتھ گزرے دن۔ پرانے بزرگوں کی صحبت اور ان کی نصائح کے طریق اور قیمتی نصائح۔ یہ سب باتیں ایسی ہیں کہ نہ صرف نئی نسل کو بلکہ واقفین زندگی کو بھی پتہ ہونی چاہئیں۔ جو یقیناً ایک واقف زندگی کو وقف کی روح کی طرف توجہ دلاتی ہیں اور ایمان میں تازگی پیدا کرتی ہیں۔

پھر آپ کے والد صاحب کے اخلاص و وفا اور اللہ تعالیٰ کے دین کی خاطر اپنی اولاد کو وقف کرنے کی تڑپ اور اس کے لئے شب و روز کی دعائیں احمدی والدین کے لئے بھی ایک نمونہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی نسل کو بھی خلافت اور جماعت سے حقیقی وفا کے تعلق کو قائم رکھنے اور اس میں بڑھنے کی توفیق دے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بیعت کا حق ادا کرتے ہوئے حضرت اقدس محمد رسول اللہ ﷺ کی حقیقی غلامی میں آنے والے ہوں۔

اللہ تعالیٰ انگریزی دان طبقہ کے لئے بھی اس کتاب کو ایمان و اخلاص میں ترقی کا باعث بنائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

مرزا مسرور احمد

خلیفۃ المسیح الخامس

نقل دفتر PS لندن

"میرا تعلیم ا لاسلام کالج میں داخلہ "

جسٹس (ریٹا ئرڈ) محمد اسلام بھٹی

میرے چھوٹے ماموں عزیز نے کہا کہ بی بی (میری ماں کو سبھی لوگ اسی نام سے پکارتے تھے) ہم اسے تعلیم ا لاسلام کالج لاہور میں داخل کر وائیں گے۔چنانچہ وہ مجھے لاہور لے گئے۔تعلیم ا لاسلام کالج لاہور میں جب فارم وغیرہ دیا تو میرے ماموں میرے ساتھ تھے۔اس وقت حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب کالج کے پرنسپل تھے۔ اگست 1952ء کے یام تھے۔ حضرت صاحب اپنے دفتر میں تشریف فرما تھے اور باری باری داخلہ کے خواہش مند بچوں کو اندر بلا رہے تھے۔جب حضور نے مجھے بلا یا تو ماموں بھی ساتھ گئے۔بہت ساری باتیں ہمارے گائوں کے متعلق بھی دریافت فرمائیں۔میں نے عرض کیا کہ میں نے میڈیکل میں داخلہ لینا ہے۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ میڈیکل والی بات غلط ہے۔فرما یا ہمارے کچھ بچے تعلیم ا لاسلام ہائی سکول چنیوٹ سے یہاں آئے ہیں۔ان میں سے ایک منور احمد چونڈہ صاحب تھے جنھوں نے پوری پنجاب یو نیورسٹی میں پہلی پو زیشن حاصل کی تھی۔پھر سعید احمد خاں رحمانی اور عبد الغفور زاہد تھے۔حضور نے ان سب کا حوالہ دے کر مجھے کہ میں نے کچھ بچوں کو مقابلہ کے امتحانوں کے لئے تیار کرنا ہے۔اس لئے تمہیں میڈ یکل میں داخلہ نہ لینے کی نصیحت کرتا ہوں۔اس کے بعد میرے لئےدوسری آپشن pre-engineering تھی۔میں نے نان میڈیکل میں داخلہ لے لیا۔مگر کچھ دنوں کر بعد کیمسٹری بھی چھوڑ دی اور اس کی جگہ عربی بطور اختیاری مضمون رکھ کی۔سعید احمد رحمانی بھی میرے ساتھ تھے۔باقی اساتذہ کا تو مجھے اس وقت یاد یاد نہیں مگر حضرت صاحبزادہ میاں ناصر احمد صاحب بہت خوش ہوئے اور فرما یا کہ عربی مضمون لے کر تم نے بہت ٹھیک کیا ہے۔عربی اس زمانے میں اور بعد میں بھی مکرم صوفی بشارت ا لرحمان صاحب مرحوم پڑھا یا کرتے تھے۔ مکرم صوفی بشارت ا لرحمان صاحب کا شمار انتہائی بزرگ اسا تذہ میں ہوتا تھا۔ ان کا عربی پڑھانے کا انداز میرے سابقہ سکول سے بہت مختلف تھا۔انہیں عربی زبان سے جنون کی حد تک عشق تھا۔

حضرت صاحب کی اس عاجز پر غیر معمولی نوازشات رہی ہیں جن کا سلسلہ کالج میں داخل ہونے کے ساتھ ہی شروع ہو گیا۔داخلہ کے چند دنوں بعد ہی ہوسٹل میں بھی داخلہ مل گیا۔کچھ دنوں تک تو میں ڈارمیٹری میں رہا

۔وہاں میرے دوسرے ساتھی سعید احمد خان رحمانی اور عبد ا لغفور زاہد تھے۔پھر ہم سب کو الگ الگ کیو بیکلز مل گئے۔ ہوسٹل کے سپر نٹنڈٹ مکرم محترم چو ہدری محمد علی صاحب مد ظلہ تھے۔ اگرچہ میں ان سے پڑھتا تو نہیں تھا تا ہم ان کو اتنا نفیس اور پیار کرنے والی شخصیت پا یا کہ میرے پاس بیان کرنے کے لئے الفاظ نہیں ہیں۔

میں مکرم صوفی بشارت ا الرحمان صاحب مرحوم اور مکرم چو ہدری محمد علی صاحب مد ظلہ کی نوازشوں کا جس قدر اور جس تفصیل سے ذکر کروں وہ کم ہو گا۔ان لوگوں کا پیار۔شفقت۔محبت اور راہنمائی مجھے ہمیشہ حاصل رہی اور اس کا زبانی یا تحر یری ذکر شا ید مجھ سے نہ ہو سکے۔ان دو کے علاوہ اخوند عبدا لقادر صاحب ہمارے انگر یزی کے استاد تھے۔میاں عطاء ا لرحمان سے میں نے فزکس پڑھی۔خان ارجمند خان اور حضرت مولانا غلام احمد بدو ملہی سے دینیات۔ مکرم اخوند عبدا لقادر صاحب کوب شخصیت کے مالک تھے۔ نہایت سیدھے سادھے بہت مخلص اور اور بہت اچھے استاد تھے جو میری ہر معا ملہ میں راہنمائی فرمایا کرتے تھے۔

جب میں فرسٹ ائیر میں تھا تو میں صوفی صاحب کے مشورہ پر اخوند صاحب کے پاس حاضر ہوا۔انہوں نے مجھے انگریزی زبان کے ناولوں اور دیگر علمی و ادبی کتب کی فہرست تحریر کروائی۔ان کی ہدایت کے مطابق میں نے گرمیوں کی چھٹیوں میں ان کی بتائی ہوئی جملہ کتب پڑھ لیں۔ جب ان کو معلوم ہوا کہ میں نے واقعی ایسا کیا ہے تو وہ بہت خوش ہو ئے۔

کالج کے چاروں سال ان کے پیار اور شفقت کا بہت حصہ مجھے ملا۔ اخوند صاحب انگر یزی بہت تیز بولا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ دوسرے لوگ پنجابی میں سوچتے اور پھرانگریزی میں ڈھالتے ہیں۔میں انگر یزی میں سوچتا اور انگر یزی میں بیان کرتا ہوں۔

میں ابھی فرسٹ ائیر میں تھا۔شاید داخل ہرئے چند ما ہ ہوئے تھے۔ایک دن میں کالج کی گرائونڈ میں کھڑا تھا اور میں نے سر پر ہاتھ رکھا ہوا تھا کہ حضرت میاں صاحب (پرنسپل) کی کار سامنے آ کر رکی۔میاں صاحب نے مجھے دیکھا اور بلند آواز میں کہا " اسلام ادھر آئو" میں قریب گیا تو پوچھا کہ سر پر ہاتھ کیوں رکھا ہوا ہے۔میں نے عرض کیا۔سر درد ہو رہا ہے۔فرامنے لگے سر درد کیوں؟ ساتھ ہی حکم ہوا " میرے پیچھے آئو"۔دفتر میں جا کر جنید ہا شمی صاحب جو کا لج کے آفس سپرنٹنڈنٹ تھے کو فرمایا کہ ڈاکٹر قاضی بشیر احمد صاحب (جو اس زمانے میں مشہور آئی سپیشلسٹ تھے) کے نام چٹھی لکھو کہ اسلام کی آنکھیں چیک کریں۔انہوں نے چٹھی لکھ کر میرے حوالے کر دی۔ اب میرے جیسا طالب علم سوچ بھی نہیں کر سکتا تھاکہ اپنی آنکھوں کا ٹیسٹ کروانے کے لئے قاضی صاحب جیسے معروف آئی سپیشلسٹ کے پاس جائے گا۔ یہ تو سفیر محبت کی ذرہ نوازی تھی کے میرے جیسے کو اتنے بڑے ڈاکٹر کے پاس بھیج دیا۔ٹیسٹ کے کچھ دنوں بعد میں تجویز کردہ عینک لگائے حضرت

میاں صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا تو فرمایا اب تم ٹک شاپ سے اتنا دودھ (جو اب مجھے یاد نہیں) ہر روز پیا کرو اور اتنی سو یا بین اور اتنے با دام کھا یا کرو۔ میں تو حیران ہوں کہ مجھے اس زمانے میں سیروں کے حساب سے با دام اور سویا بین جیسی آپکی شفقتوں کے طفیل ملنا شروع ہو گئیں۔اس طرح نہ صرف میرے بلکہ میرے دوستوں کے بھی مزے ہو گئے۔حضرت میاں صاحب کی شفقت و محبت آہستہ آہستہ میرے لئے بڑھتی ہی گئی۔حضرت صاحب طلباء کی تعلیم و تربیت کو ساتھ ساتھ ان کی جسمانی صحت میں بھی ذاتی دلچسپی لیا کرتے تھے۔ایک باپ سے بھی کہیں زیادہ بڑھ کر پیار کرنے والی شخصیت تھے۔

لاہور میں کالج کے دوسال intermediate کے امتحان کے ساتھ اختتام پذیر ہوئے۔ بہت ساری دوسری باتوں کے علاوہ میں کالج کے دینی ماحول اور ڈسپلن کے اعلیٰ معیار کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ تمام نمازیں با جماعت ادا کی جا تیں۔عشاء کی نماز کے بعد مکرم صوفی بشارت ا لرحمان صاحب کی پند و نصائح لا جواب ہو اکرتی تھیں۔ اگرچہ بعض دوستوں کو شکایت ہوتی کہ صوفی صاحب جرورت سے زیادہ سختی کرتے ہیں مگر میری دیانتدارانہ رائے میں وہ سختی اور ان کی نصا ئح ٹی آئی کالج جیسے دینی اور علمی ادارہ میں زیر تعلیم نو جوانوں کے لئے ان کی آئندہ زندگیوں میں ان کے لئے ایک لا ئحہ عمل تر تیب دینے کے لئے انتہائی ضروری تھیں۔ اور میں اپنے آپ کو خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ میری تعلیم و تربیت ٹی آئی کا لج جیسے تعلیمی ادارہ میں ہوئی۔

1954ء میں تعلیم ا لاسلام کا لج لاہور سے ربوہ منتقل ہو گیا۔ابتدا میں کالج کی عمارت کے ساتھ ساتھ ہوسٹل بھی زیر تعمیر تھا۔ دروازے اور کھڑکیاں ابھی نہیں لگی تھیں۔مگر کسی قسم کی کوئی چوری چکاری نہیں ۔ کوئی شرارت نہیں۔فو ر اً ہی تعلیم و تربیت کا لاہور والا سلسلہ رواں دواں ہو گیا۔اسا تذہ اور طلباء اسی طرح کلا سوں میں جت گئے۔ ہوسٹل میں رہائش اور با جماعت نمازوں کا اہتمام لاہور سے بھی بہتر انداز میں شروع ہو گیا کیونکہ اب ہم لاہور میں نہیں بلکہ ربوہ کے کلی طور پر دینی ما حول میں رہ رہے تھے۔یہ محض اللہ کا کرم تھا۔ انسان کی زندگی میں بے شمار واقعات رو نما ہو تے ہیں لیکن ہر واقع کو تا ریخ وار یاد رکھنا اور بیان کرنا بہت مشکل امر ہے۔میں تعلیم ا لا سلام کالج کے میگزین" المنار "
کے ہر دو سیکشن اردو اور انگلش کا ایڈیٹر بھی رہا۔ پر ویز پروازی صاحب اردو حصہ کے نا ئب ایڈیٹر تھے۔ میری ادارت میں چھپنے والے ایک شمارہ میں ایک دوست محمد الیاس بشیر کے جو شا ہین تخلص کرتے تھے دو شائع شدہ پسندیدہ اشعار مجھے کبھی نہ بھولیں گے

تو نے چپکے سے مجھ کو سونپ دیئے۔مضمحل چا ند مضطرب تا رے
اک سسکتا ہوا دل نا شاد ۔ ان گنت آنسوئوں کے انگارے

مکرم محترم چوہدری محمد علی صاحب ہمارے انگلش سیکشن کے انچارج تھے اور صوفی بشارت الرحمان صاحب اردو کے۔غالباً کچھ عرصہ کے لئے مکرم پروفیسر نصیر احمد خان بھی اردو سیکشن کے انچارج رہے۔انہی دنوں نوائے وقت گروپ کے رسالہ قندیل اور بعض اردو اور انگریزی اخبارات میں میرے خطوط وغیرہ شائع ہوتے رہے۔ جن کے بعض شمارے ابھی بھی میری ذاتی لائبریری میں موجود ہیں۔غرضیکہ کالج کا زمانہ ایک علمی اور ادبی زمانہ ہوتا ہے۔لیکن جب میدان عمل میں داخل ہوا تو لکھنے پڑھنے کا شوق زیادہ تر صرف قانون کی کتب پڑھنے اور فیصلے لکھنے کی حد تک محدود ہو گیا۔ تاہم مجھے مطالعہ کا شوق بہت رہا ہے۔ میری ذاتی لائبریری میں سینکڑوں کتب موجود تھیں جو میں نے مستقلاً امریکہ جانے سے قبل بعض کتب خانوں کو تحفہ پیش کر دیں۔

(ماخوذ از عدالت عالیہ تک کا سفر۔مصنفہ جسٹس (ریٹائرڈ) محمد اسلام بھٹی)

نوٹ : جسٹس ریٹائرڈ محمد اسلام بھٹی نے تعلیم الاسلام کالج سے بی۔اے کیا اور پھر ایل ایل بی کرکے عدالتی زندگی کا آغاز کیا۔انہوں نے سول جج سے ملازمت کا آغاز کیا اور پنجاب ہائی کورٹ کے جج بن کر ریٹائر ہوئے۔ اپنی طالب علمی وہ فضل عمر ہوسٹل کے چیف پریفیکٹ بھی تھے۔ نہایت منکسر المزاج۔ انتہائی دیانتدار۔ اپنے اساتذہ کا ادب کرنے والے اور دوستوں سے محبت اور شفقت کا سلوک کرنے والے۔متوکل۔خود دعا گو اور خلفاء وقت کی اطاعت کرنے والے ۔ والدین کی خدمت کرکے ان کی دعائیں لینے والے۔ غرباء کے حقوق ادا کرنے والے ۔ ایمانی غیرت رکھنے والے اور احمدیت کی خاطر ہر قربانی دینے کے لئے تیار رہنے والے انسان ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کی عمر اور صحت میں برکت دے۔ان کی تصنیف" عدالت عالیہ تک کا سفر " نہایت دلچسپ اور ایمان افروز آپ بیتی ہے جو ہر احمدی کے پڑھنے کے لائق ہے۔(ادارہ المنار)

☆☆☆

ٹی آئی کالج کی فٹ بال ٹیم کا ٹرافی جیتنا

زکریا ورک (کینیڈا)

تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں عاجزدو سال تک 1963-65 زیورتعلیم سے آراستہ ہوُا تھی۔ اس وقت ہمارے پرنسپل حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمدصا حب (رحمہ اللہ تعالیٰ) تھے۔ جن اساتذہ کے نام آج قریب نصف صدی بعد بھی نوک زبان ہیں وہ درج ذیل ہیں؛ محمد ابراہیم صا حب ناصر، چوہدری حمید اللہ صا حب، مبارک احمد صا حب انصاری، رفیق احمد ثاقب صا حب،ڈاکٹر ناصر احمد صا حب پرویز پروازی، محمد اسلم صا بر صاحب، مکرم میاں عطاء الرحمن صا حب، عزیز احمد چوہدری صا حب ، سلطان محمود شاہدصا حب، پروفیسر نصیر احمد خانصا حب، پروفیسر محمد شریف خانصا حب۔نیرنگی زمانہ دیکھئے کہ مکرم میاں عطاء الرحمن صا حب کی ایک پوتی عفت میری بہو ہے۔الحمد للہ

جن ہم عمر طلباء یا عمر میں بڑے طلباء کے ساتھ میں نے وہاں زندگی کے دو خوشگوار سال گزارے ان میں سے چند ایک کے نام میرے ذہن کی تختی پر النقش کالحجر ہیں۔:ہدایت اللہ ہادی، منیر الحق شاہد، محمد اسحق، رضی اللہ صا دق، شاہد احمد چوہدری، فلاح الدین شمس، مبارک احمد عابد، محمد عاقل خان، مرزا مغفور احمد، نصیر احمد مہاشہ(لندن)، منیر احمد باجوہ (ہمبرگ) ، جمیل لطیف، نسیم احمد سیفی، سعید احمد چوہدری(میجر)، سلطان شرلی، لطیف احمد جھمٹ،خالد تاج(ٹورنٹو)۔ان بعض ہم جماعتوں میں سے کئی ایک کینیڈا میں سکونت پذیر ہیں۔منیر الحق شاہد اور ہدایت اللہ ہادی سے میرا رابطہ ابھی تک قائم ہے۔ ہادی صا حب گزشتہ بیس سال سے احمد یہ گزٹ کینیڈا کی ادارت کے فرائض بڑی تندہی اور جانفشانی سے سر انجام دے رہے ہیں۔اعلیٰ پائے کے قلمکار ہیں۔خالد تاج کے پاس المنار کے پرانے شمارے ابھی تک محفوظ ہیں،کالج کو یاد کرکے ان کی آنکھوں میں آنسو رواں ہوجا تے ہیں۔

ہماری ٹیم نے ٹرافی کیسے جیتی؟

میرے تعلیم الاسلام کالج میں دوسالہ قیام کے دوران 1964میں جو زمین شکن واقعہ رونما ہوا ، وہ ہمارے کالج کی فٹ بال ٹیم کا جھنگ شہرمیں میچ کھیلنا اور زونل ٹرافی جیت کر لانا تھا۔کالج کی باسکٹ بال اور

روئنگ کی ٹیموں کا شہرہ تو زبان زد عام تھا مگر فٹ بال گمنام سی تھی۔بلکہ یہ کہنا مناسب ہوگا فٹ بال کو ثانوی حیثیت حاصل تھی۔ٹیم میں میری پوزیشن لیفٹ آؤٹ ہوُا کرتی تھی۔جو طالب علم میرے ساتھ فٹ بال ٹیم میں تھے ان میں سے مجھے منیر باجوہ(ہمبرگ جرمنی)، محمد عاقل(جرمنی)، عبد الحمید عابد (لاہور)، حلیم بھٹہ ، نیاز مصلح کے نام ابھی تک از بر ہیں۔مجھے خوب یاد ہے کس طرح ہم روزانہ فٹ بال کی پریکٹس کالج کی گراؤنڈز میں سہ پہر کے وقت کیا کرتے تھے۔اکثر ہم ڈگری کے طلباء کے مقابل کھیلا کرتے تھے اور بعض دفعہ دوسرے شہروں سے بھی ٹیمیں ربوہ آیا کر تی تھیں۔ ایک دفعہ جب ڈگری ٹیم کا ایک کھلاڑی وقت پر نہ آیا تو میں نے ڈگری ٹیم کیساتھ میچ کھیلا تھا۔

جب میری فٹ بال ٹیم کیلئے سیلکشن ہوگئی تو اب بوٹس اور ٹیم یو نیفارم خریدنا تھا جو شاید پچیس روپے کا تھا۔گھر کی مالی حالت ایسی تھی کہ اتنی بڑی رقم کیلئے استطاعت نہیں تھی۔گھر آیا تو دامن آنسوؤں سے تر ہو گیا۔یہ دیکھ کر بھائی جان چوہدری محمد ادریس نے یہ رقم عطا کی تھی۔ہمارا یونیفارم سیاہ اور سفید رنگ کا تھا۔سہ پہر کوجب پریکٹس ختم کر لیتے تو پھر ٹک شاپ میں آکر دودھ پیا کرتے تھے۔آج میں 48سال بعد جب میں کالج میں گزرے ہوئے وقت کا سوچتا ہوں تو مجھے احساس ہوتا ہے کہ واقعی ہم تمام طلباء میں ٹیم سپرٹ بدرجہ اتم موجود تھی۔ جب ہماری ٹیم جھنگ سے ٹرافی جیت کر ربوہ آئی تو ہم نے گولبازار میں اس کو اٹھا کر جلوس کے رنگ میں خوشی کا اظہار کیا تھا۔کالج کی تاریخ میں یہ پہلا واقعہ تھاکہ ہماری ٹیم نے فٹ بال کی کھیل میں ٹرافی جیتی تھی۔اس ٹیم کی تصویر میرے پاس موجود ہے اور یہ ٹی آئی کالج کے ویب سائٹ پر بھی دیکھی جا سکتی ہے۔ یہ تصویر مجھے ٹیم کے انچارج عزیز احمد چوہدری صا حب نے1985ء میں میرے اصرار پر بھجوائی تھی۔اس کیلئے میں ان کو شرمندہ احسان ہوں۔آپ اس وقت دارلقضاء ربوہ میں قاضی کے عہدہ پر فائز ہیں۔

لاہور میں بورڈ فٹ بال ٹرائیل

جھنگ سے ٹرافی جیتنے کے بعد ہماری ٹیم میں سے چار طالب علم لاہوربورڈ کے فٹ بال کے ٹرائی آؤٹس کیلئے گئے تھے جن کے نام یہ ہیں: منیر احمد باجوہ(رول نمبر162)، محمدزکریا(رول نمبر152)، عبد الحمید عابد(رول نمبر20) ، محمد عاقل خان(رول نمبر70)۔ حسن اتفاق سے میرے پاس وہ کاغذ اب تک موجود ہے جس پر عبد الرشید فوزی صا حب کے دستخط ہیں جو اس سال فٹ بال ٹیم کے انچارج تھے۔کاغذ پر پرنسپل تعلیم الاسلام کالج کی مہر اور دستخط بھی ہیں۔لاہور میں ہم نے رات دلی دروازے کی احمدیہ مسجد میں صفوں پر سو کر گزاری تھی اور اگلے روز یونیورسٹی کی گراؤنڈز میں فٹ بال کے ٹرائی آؤٹس کیلئے گئے تھے۔

فٹ بال ٹیم کی کوچ محترم عزیز احمد طاہر صا حب نے ہماری ٹیم کے چیمپئین شپ جیتنے کا واقعہ یوں بیان کیا ہے:

مجھے کالج میں فٹ بال کی ٹیم کا نگران مقرر کیا گیا تھا۔ دوپہر کا کھانا ہوسٹل سے منگوا کر کھاتا۔ ایک حاضری کا خرچ سوا پانچ آنے تھا۔بی اے آنرز کی کلاس لینے کے بعد سہ پہر فٹ بال گراؤنڈ میں چلا جاتا۔تقریباً ایک گھنٹہ انٹر اور ڈگری کی ٹیمیں پریکٹس کرتی تھیں۔ اس کام میں کالج کے ڈی پی وقتاً فوقتاً میری معاونت کرتے۔ ۔جلد ہی مجھے انٹر میڈیٹ کیلئے فٹ بال زونل ٹورنامنٹ کا شیڈول مل گیا۔ مجھے چونکہ ٹیم کیلئے بعض انتظامات کرنے تھے اسلئے ٹیم کو پروفیسر چوہدری نذیر احمد صاحب (شعبہ تاریخ)کے ہمراہ جھنگ بھیج دیا اور خود ربوہ سے ایک گھنٹہ بعد روانہ ہوا۔گورنمنٹ کالج جھنگ کے ہوسٹل میں کھلاڑیوں کی رہائش اور خوراک کا مناسب انتظام ہو گیا تھا۔ اگلے روز غالباً صبح دس بجے گورنمنٹ کالج سرگودھا کیساتھ ہماری ٹیم کا پہلا میچ تھا۔ ہاف ٹائم تک کوئی ٹیم گول نہ کر سکی۔اچانک میچ روک کر ریفری میری طرف آیا اور کہا کہ گورنمنٹ کالج سرگودھا کی ٹیم کے پاس کھلاڑیوں کی مصدقہ فہرست نہیں ہے۔کیا آپ اس ٹیم کو کھیلنے کی اجازت دیں گے؟۔میں پوچھا اس سلسلے میں قواعد کیا ہیں۔ریفری نے بتایا کہ قواعد کے مطابق تو وہ ٹیم کھیل نہیں سکتی۔میں نے جواب دیا کہ پھر مجھ سے پوچھنے کی کیا ضرورت ہے۔ قواعد کے مطابق عمل کریں۔ چنانچہ ریفری نے گورنمنٹ کالج سرگودھا کی ٹیم کے خلاف واک اوور دے دیا۔اس طرح ہم یہ میچ جیت گئے۔گورنمنٹ کالج سرگودھاکی ٹیم اسی روز واپس چلی گئی۔ان کے پرنسپل نے چیئر مین لاہور بورڈ سے رابطہ کیا تو ہمارے پرنسپل صاحب نے بتایا کہ میری ٹیم دوبارہ کھیلے گی میں چیپ وکٹری cheap victoryکا قائل نہیں ہوں۔سرگودھا کالج کے پرنسپل نے چیئر مین لاہور بورڈ سے کہا کہ اگر تعلیم الاسلام کالج ربوہ کے پرنسپل مان جائیں، تو یہ میچ دوبارہ ہو سکتا ہے۔چنانچہ اگلے روز مجھے گورنمنٹ کالج جھنگ کے پرنسپل نے بلایا کہ ربوہ سے آپ کے پرنسپل صاحب کا فون آیا ہے کہ ہماری ٹیم سرگودھا ٹیم کیساتھ دوبارہ میچ کھیلے گی۔چنانچہ ہماری ٹیم کے کھلاڑی وقت مقررہ پر گراؤنڈ میں پہنچ گئے لیکن سرگودھا ٹیم پھر بھی وہاں نہ پہنچ سکی۔ایک بار پھر ہماری کو فاتح قرار دے دیا گیا۔

فٹ بال کا اگلا میچ

ہمارا اگلا میچ جوہر آباد سے تھا جو ہم نے 2-1 سے جیت لیا۔اگلے روز ہمارا میچ گورنمنٹ کالج جھنگ کی ٹیم کیساتھ تھا۔یہ میچ بھی ہم نے زیادہ گول کرکے جیت لیا۔جھنگ کی ٹیم کوئی گول نہ کر سکی۔آخری روز ہمارا میچ گورنمنٹ کالج میانوالی کی ٹیم کے خلاف تھا۔ یہ میچ ہماری ہماری ٹیم نے4-1 گولوں سے جیت لیا اور زونل چمپئین شپ حاصل کر لی۔ یہ پہلا موقعہ تھا کہ ہمارے کالج ٹیم نے زونل ٹرافی جیتی تھی۔ہماری ٹیم کے کھلاڑیوں کے نام یہ تھے: منیر احمد باجوہ (کیپٹن)، عبدالحلیم ظفر(سویڈن)، اظہراحمد، راجہ عبد الستار، نصیر چیمہ، محمد صدیق، عبد الرشید، نعیم الدین وسیم، رفیق گھو گھوال، منور احمد، نیاز مصلح (شکاگو امریکہ)، عبد الحمید عابد (حال لاہور)، عصمت اللہ رندھاوا، جمشیداحمد، محمد عاقل گول کیپر(جرمنی) اور زکریاورک (کینیڈا)۔جب گورنمنٹ

کالج میانوالی کی ٹیم کو شکست دے کر ہماری ٹیم زونل چمپئین شپ حاصل کی تو ایک مقامی نامہ نگار نے اخبار میں اشاعت کیلئے دونوں ٹیموں کی تصویر کھینچی تھی،اس تصویر کی ایک کاپی میرے پاس موجود تھی۔ کینیڈا میں مقیم زکریاورک جو اس ٹیم کے رکن تھے مجھ سے یہ تصویر بیس یا تیس سال قبل حاصل کی تھی۔انہوں نے مجھے بتایا کہ تصویر تعلیم الاسلام کے ویب سائٹ پرموجود ہے"

http://www.ticollegerabwah.com/sportsmen.htm

(الفضل ربوہ، مضمون تعلیم الاسلام کالج کی حسین یادیں، 8جنوری2011ء)

ٹیم کے تمام کھلاڑی ہر لحاظ سے گوناگوں صلاحیتوں کے مالک تھے۔زکریاورک فل بیک تھے اور بہترین دفاع کرتے تھے۔گول کیپر عاقل نے ڈی کی لائن سے ہر آنیوالے گیند کو بڑی چابک دستی سے روک لیتے تھے۔ تمام کھلاڑیوں میں یک جہتی تھی اور پوری ٹیم میں تعاون کا جذبہ سرایت کئے ہوئے تھے۔کوچ کا بے حد احترام کرتے اور ہر تجویز پر فوراً عمل کرتے تھے۔زونل چمپئین شپ جیتنے کے بعد ہماری ٹیم کے تین کھلاڑی محمد عاقل خان، عبد الحمید عابد، زکریاورک لاہور ڈویژن کے مقابلہ جات کے ٹرائلز میں حصہ لینے کیلئے لا ہور گئے تھے۔ ان کا قیام دلی دروازے کی احمدیہ مسجد میں رہا تھا۔

دیگر کھیلیں

جب میں کالج میں تھا تو اس وقت باسکٹ بال کی کھیل اپنے جوبن پر تھی۔ پورے پاکستان سے ٹیمیں ربوہ آیا کر تی تھیں۔ اس کے علاوہ روئنگ کے مقابلوں میں ہمارے کالج کی ٹیم کا شہرہ دور دور تک پھیلاہوٗا تھا۔ہمارے کالج کی سٹوڈنٹ یونین بھی بہت سر گرم عمل تھی۔یونین کے صدر جمیل لطیف اور سیکرٹری نسیم احمد (عرف سیما) تھے۔تقریری مقابلہ جات میں ٹرافیاں جیت کا لایا کرتے تھے۔مجھے یاد ہے ایک دفعہ سر محمد ظفر اللہ خانصا حب کالج تشریف لائے تھے اور اور طلباء سے خطاب فرما یا تھا۔ پھر میرے وہاں قیام کے دوران اردو کانفرنس بھی منعقد ہوئی تھی اور ہم نے نامورشاعروں، دانشوروں، ادبیوں کو پہلی بار اتنی قریب سے دیکھا تھا۔ ایک دفعہ جب ربوہ سے باہر کی ٹیم ہار گئی تو انہوں نے ہمارے پرنسپل صا حب پر حملہ کردیا اور سعید احمد(عرف سعیدہ) درمیان میں آگیا جس سے اس کو شدید چوٹیں آئیں تھیں۔

مجھے ابھی تک روز روشن کی طرح یاد ہے کہ میں ایک روزکالج کی لائبریری میں بیٹھا اخبار پڑھنے کے علاوہ المنار کے پرانے شمارے پڑھ رہا تھا۔اچانک کسی نے بتایا کہ امریکہ کے صدر کینیڈی کو کسی سفاک شخص نے گولی مار کر موت کی نیند سلا دیا ہے۔میری عمر اس وقت سترہ اٹھارہ سال تھی۔یہ سن کر مجھ پر ہیبت طاری ہو

گئی تھی۔

کالج کے زمانہ کی ایک اور دستاویز جو میرے پاس ابھی محفوظ ہے وہ ٹی آئی کالج کی پروگریس رپورٹ ہے۔اس پر دسمبر ٹیسٹ1964ء کی تاریخ درج ہے اور اس پرامتحانات کے کنڑولر ایم آئی ناصر کے دستخط ثبت ہیں۔میرے مضامین درج ذیل تھے: انگلش، کیمسٹری، فزکس، میتھ، اردو اور دینیات۔تعلیم کے دوران میں نے ریاضی کے مضمون کو سب سے مشکل پایا جبکہ انگلش میرے لئے فطرتاً آسان تھی۔افسوس کہ گھریلوحالات کے پیش نظر میں کالج میں تعلیم جاری رکھ نہ سکا اور کراچی چلا گیا جہاں سے میں نے قانون کی ڈگری حاصل کی تھی۔فروری2009ء میں میں ربوہ کالج دیکھنے گیا تھا مگر وہاں کا گرد و پیش دیکھ کر کف افسوس ملتا رہا کہ ہماری مادر علمی کیساتھ سوتیلے بچوں جیسا سلوک کیا جا رہا ہے۔ بھولی بسری یادوں پر مشتمل اس مختصر مضمون کو میں علامہ اقبال کے درج ذیل اشعار پر ختم کرتا ہوں :

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ — وہ جھاڑیاں چمن کی وہ میرا آشیانہ
لگتی ہے چوٹ دل پر آتا ہے یاد جس دم — شبنم کے آنسوؤں پر کلیوں کا مسکرانا
جب سے چمن چھٹا ہے یہ حال ہو گیا ہے — دل غم کو کھا رہا ہے غم دل کو کھا رہا ہے

☆☆☆

”مغربی معاشرہ میں ہمارے بچوں کے مسائل“

سیمنار کی تصویری رپورٹ

